ایکسپریس وے اور ریل، دونوں وہ Agree کر چکے ہیں اور PSDP میں وہ ڈال چکے ہیں، (تالیاں) بجٹ میں آ چکا ہے، انہوں نے بجٹ میں ڈال دیا۔ میں دو راتیں اسلام آباد رہا ہوں، ان کے پیچھے لگا رہا ہوں اور انہوں نے Accept کر کے بجٹ میں ڈال دیا اور افسوس کی بات یہ ہے کہ جب یہ CPEC Route ڈی آئی خان سے، یہ بھی آل پارٹیز کانفرنس کا (فیصلہ) تھا کہ ادھر تلہ گنگ میانوالی اور ڈی آئی خان سے گزرے گا تو اتنی بدنیتی دیکھو کہ انہوں نے CPEC Route سے ادھر تک تو روڈ ڈالا، جنڈ تک ڈال دیا اور اب جنڈ کا اگر 40، 50 کلو میٹر ڈالتے ہوئے یا 70، تو اس میں کیا مذائقہ ہے کہ جنڈ سے کوہاٹ تک بھی ڈال دو، کوہاٹ تک نہیں ڈالا، ہمارا صوبہ ان کو اتنا برا لگتا ہے کہ 80 کلو میٹر کے ساتھ 40 کلو میٹر اور Add کر دیتے تو ہم بھی خوش ہو جاتے کہ چلو ان کی طرف سے، ہم بھی ان کی نظر میں، تو وہ بھی نہیں ڈالا، وہ بھی میں نے وہاں جھگڑ کر کے جنڈ سے کوہاٹ تک روڈ ڈلوا دیا، تو مطلب ہے کہ افسوس کبھی کبھی ہوتا ہے کہ ان کو، کیا ہم اسی پاکستان کا حصہ نہیں ہیں، کیا ہم یہاں کسی اور دنیا سے آئے ہوئے ہیں تو ہمیں اس طرح Treat کیا جاتا ہے اور ہمیں اپنے جائز حق کیلئے لڑنا پڑتا ہے؟ میں فیڈرل گورنمنٹ سے ہمیشہ یہ کہتا ہوں کہ میں آپ سے کچھ نہیں مانگتا، میں کوئی خیراتی نہیں ہوں، میرا قانونی حق ہے، میرا آئینی حق ہے، تمہیں دینا پڑے گا اور اگر نہیں ہے (تالیاں) اور اگر نہیں ہے تو مجھے لکھ کر دے دو، یار! میں کوئی پاگل تو نہیں ہوں کہ میں آپ سے لڑتا ہوں، تو تب ہی جا کر یہ مسئلے حل ہوئے ہیں۔ میں نے ان کو کہا کہ مجھے لکھ کر دو کہ میرا آئینی حق نہیں ہے CPEC میں، میرا آئینی حق نہیں ہے بجلی میں تو میں چلا جاتا ہوں، نہیں تو میں ٹینٹ لگا کر بیٹھوں گا، میں دیکھتا ہوں تم کیسے نہیں دو گے؟ تو اسی Force کی وجہ سے یہ مسئلے حل ہوئے ہیں۔ اب میں، یہ تو حل ہو گئے، پھر مجھے مسئلہ تھا انڈسٹریل پارکس کا، انڈسٹریل اسٹیٹس کا، یہ Route، سڑک یہ کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے، اگر ہمارے صوبے میں انڈسٹریل اسٹیٹس جو چائنا اور پاکستان گورنمنٹ کے Agreement کے مطابق اس کو وہ Approve کریں گے، نہیں بنیں گے تو کوئی انڈسٹری وہاں نہیں لگائے گا، نہ میرے کہنے پر، نہ کسی اور کے کہنے پر، وہ ہماری باتیں چلتی رہیں، ہم نے یہ کہا کہ ہمیں وہیں پارکس میں بجلی چاہیئے، پانی چاہیئے، گیس چاہیئے، فائبر آپٹک چاہیئے، مطلب جو ضرورت ہے انڈسٹریز کیلئے، وہ چاہیئے اور یہ انڈسٹریز ایسی نہیں ہیں کہ 100 کے قریب، یہ پورے شہر بن رہے ہیں، یہ اس میں آئی ٹی

پارکس ہوں گے،اس میں دنیا کی ہر چیز ہوگی کیونکہ چائنا نے کوئی ایسا نہیں کرنا،وہ Feasible ہوگا تب بنیں گے۔یہ اللہ کا شکر ہے،اب جو فیصلہ ہوا ہے جو میرے ساتھ انہوں نے Minutes میں Agree کیا کہ اب فی الحال فرسٹ فیز میں ہر صوبے میں ایک آئی ٹی پارک، انڈسٹریل پارک بنیں گے اور اس میں ساری سہولتیں ہوں گی تو اس وقت جو پوزیشن ہے، اگر ہم آٹھ دس دے دیں تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے، اگر وہ Already اپنا تیار کر چکے ہیں، جہاں بجلی ہو اور گیس ہو، ہمارے پاس کچھ نہیں تو وہ اب ایک Agreement ہو چکا ہے کہ ہر صوبے میں فرسٹ فیز میں ایک ایک بنے گا، میرے صوبے کے تین زونز ہیں، ساؤتھ ہے، ہزارہ اور مڈل ہے جہاں پر Feasible انڈسٹریل پارک ہوگا، ہم تینوں کو بھیجیں گے، جو Feasible ہوگا چائنا اور پاکستان گورنمنٹ بیٹھ کر اس کو Approve کریں گے کیونکہ جو Feasible project ہوگا، وہی انڈسٹری بنے گی، تو یہ جو ہمارے شک و شبہات تھے، وہ کم ہو گئے۔ سیکنڈ فیز میں بھی یہ فیصلہ ہوا ہے کہ برابر برابر، برابری پر کام ہوگا، اگر ایک ادھر بنے گا، Approve ہوگا، تو اس صوبے میں، چاروں صوبوں میں برابر کی تقسیم ہوگی، اگر برابری پر ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا، اگر برابری پر نہیں رہے گا تو ہم کبھی بھی اس کو نہیں مانیں گے کیونکہ یہ پھر ناانصافی ہوگی اس صوبے کے ساتھ۔ اسی طرح جو ان کے اس میں جو ممبر شپ تھی، افسوس یہ بھی ہوتا ہے کہ ہمارا اس میں ممبر ہی کوئی نہیں ہے، ابھی جب ہماری میٹنگ چلی، میں نے تو Stress کیا کہ دیکھیں اگر آپ ہمیں اپنا حصہ سمجھتے ہیں تو ہمیں ممبر شپ بھی دینی پڑے گی تو وہ ممبر شپ پہ بھی Agree ہو گئے اس میں، ہماری اس میں جو ایگزیکٹیو کمیٹی ہے، اس میں ہمارا ممبر جو ہمارے محکمے کا ہیڈ ہے، اس کو انہوں نے لے لیا اور باقی میں ممبر شپ ہو رہی ہے۔ تو اس وقت جو پوزیشن ہے، جو ہمارے ساتھ Agree کر چکے ہیں، PSDP میں بھی سکیمیں آ چکی ہیں، مجھے کافی تسلی ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ اس صوبے کو اپنا حق ملے گا حصے میں ضرور، اور اگر نہیں ملے گا تو ہم سب اکٹھے پھر اٹھیں گے اور اپنا حق لیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ کیونکہ ہمارا جوائنٹ، یہ میرا اکیلا نہیں ہے، میں بار بار کہتا ہوں کہ آپ کی اور ہماری جوائنٹ طاقت کی وجہ سے یہ فیصلہ حل ہوا۔ اب ایک اور بڑا مسئلہ ہمارے صوبے کا، میں بار بار بتا چکا ہوں لیکن اب ہمیں ایک بڑا اسٹینڈ لینا پڑے گا مل کر اور وہ یہ کہ میرے صوبے کی چار پانچ، چھ سو میگا واٹ ڈیلی بجلی واپڈا چوری کر رہا ہے جو میرے صوبے کا آئینی حق ہے، میں آپ کو سمجھاتا ہوں وہ کیا

ہے؟ اگر آج دس ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے تو ہمارا حصہ ساڑھے تیرہ پرسنٹ ہے، مجھے ساڑھے تیرہ ہزار بجلی ڈیلی دینی چاہیئے اور جتنی بڑھے گی، اتنی وہ ہمیں نہیں دے رہے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ بجلی فالتو پیدا کر رہے ہیں، ہمیں اپنا حق دے دو، ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ڈیلی پروڈکشن میں جو صوبے کا حق ہے، وہ ہمیں دو۔ میں کوئی سو میٹنگز کر چکا ہوں، وفاقی وزیر سے کر چکا ہوں، ادھر پیسکو چیف سے کر چکا ہوں کہ بھئی میرا آپ نے Fix کیا ہوا ہے لوڈشیڈنگ 10% پر، میرا حق ہے بجلی کا ساڑھے تیرہ پرسنٹ، جب مجھے ساڑھے تیرہ پرسنٹ ملے گا تو 600 میگاواٹ بجلی ملے گی تو ہماری لوڈشیڈنگ آدھی کم ہو جائے گی۔ نیا پیسکو چیف آیا، میں نے اس کی Recommendation کی، میں نے کہا بڑا بہادر ہو گا، وہ بھی ٹھس ہو گیا، جیسے ہی میں بیٹھا تو میں نے اس کو کہا، پہلی میٹنگ میں کہا کہ ہاں ہاں ٹھیک ہے، آپ کا حق ہے، دیں گے۔ دوسری میٹنگ میں کہتا ہے کہ مجھ سے وہ پیسے، وہ Recovery مانگتے ہیں، تو میں واپڈا چوروں سے پوچھتا ہوں کہ تمہارا کام ہے Recover کرنا میرا کام تو نہیں ہے، تم Recovery نہیں کر سکتے ہو، تم چوری کرتے ہو، تم ان سے ملے ہوئے ہو، تم ان سے رشوتیں لیتے ہو، تم ان کے گھروں میں جا کر کنڈے لگاتے ہو، تم ان کے میٹر ڈاؤن کرتے ہو، چوری تم کرتے ہو، میرا حق تم لیتے ہو، میرے صوبے کی بجلی تم نہیں دیتے ہو۔ میں آپ سے مدد چاہتا ہوں کہ ہم نے اکٹھے ہو کر اپنے صوبے کی بجلی، جو حق ہے وہ تو لیں نا، ہم کوئی ایکسٹرا چیز نہیں مانگ رہے۔ یہ جیسے بجٹ پاس ہو گا، میں فیصلہ کرنے لگا ہوں کہ واپڈا ہاؤس ہم نے بند کر دینا ہے، (تالیاں) ہمیں اپنی بجلی ملے گی، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، (تالیاں) یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ کبھی کہتے ہیں کہ آپ لوڈ نہیں اٹھا سکتے، بھئی! تمہارا کام ہے لوڈ اٹھانے کیلئے، اور لگاؤ چیزیں، میں نے ان کو کہا ہے جہاں پر لوڈ نہیں اٹھا، اس فیڈر میں نہ دو، دوسرے فیڈر میں دے دو، زیرو لوڈشیڈنگ کر دو، اور کرنا پڑے گا، یہ کہتا ہے یہ چوری کر رہے ہیں۔ یہ جب ساڑھے تیرہ سو میگاواٹ کے پیسے دیں گے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ڈیمانڈ ہوتی ہے، یہ بیچ میں اپنی ایڈجسٹمنٹ کرتے ہیں، اپنی چوری اس میں چھپاتے ہیں، کبھی ادھر سے وہ کنڈا اتار دیتے ہیں، کبھی ادھر سے اتار دیتے ہیں، تو یہ جو ہمارے صوبے کے ساتھ ہو رہا ہے، یہ کوئی یہ نہیں ہے کہ ہمارے صوبے میں بجلی نہیں ہے، ہمیں اپنا حصہ نہیں دیا جا رہا ہے، میں، میں بالکل یقین، میں تو انتظار کر رہا تھا کہ بجٹ کے بعد جو مرضی یہ ہو، دنیا تباہ کیوں نہیں ہوتی ہے، یہ یہاں پر نہیں ملنے دیں گے ہم،

ہم میں اور نہیں برداشت، ہمارا حق ہے، ہم کسی سے مانگ نہیں رہے ہیں۔ آپ کا حق ہے، ہمارا حق ہے، آئین دیتا ہے، سارے صوبوں کو اپنا حق مل رہا ہے، پنجاب کو 62% مل رہا ہے، سندھ کو اپنا حصہ مل رہا ہے، مجھے کیوں ساڑھے تیرہ پرسنٹ نہیں مل رہا؟ تو کیا میں یہ غلط بات کر رہا ہوں کہ ہمیں اپنا حق ملے؟ تو یہ بہت Important ہے کہ ہمیں انہوں نے آگ میں، عذاب میں ڈالا ہوا ہے صرف اپنی چوری چھپانے کیلئے، دیکھیں میں آپ کو آگے بتاتا ہوں، میں نے جب چیف آف پیسکو کو کہا کہ میرا صوبہ، ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، Recoveries میں کھڑے ہوتے ہیں، کنڈے اتارنے میں کھڑے ہوتے ہیں، ایک سسٹم میں دوں گا، ایک علاقہ مجھے بتائیں کہ اس کو صاف کرنا ہے، ہم صاف کر دیں گے لیکن پھر آپ کی ذمہ داری ہے کہ پھر ادھر کنڈا نہ لگے۔ میری پولیس ساتھ ہو گی، میں سب کچھ کرنے کیلئے تیار ہوں، میری لوکل گورنمنٹ اٹھے گی، ایم پی ایز اٹھیں گے، ہم عوام کو بتائیں گے کہ ہم آپ کی لوڈشیڈنگ کم کر رہے ہیں، چوری نہ کریں، لیکن جب ہمیں وہ Commit ہی نہیں کرتے ہیں تو میں کیوں اپنے کسی کو تنگ کروں، میں کیوں کسی کی چوری روکوں؟ یہ ذمہ داری بھی اس کی ہے، مجھے حق بھی نہیں دیتا، مجھے کہتا ہے کہ جا کر کنڈے اتارو اور کل پھر لگاؤ اور پھر یہ پیسے لیں، ہمیں بدنام کرنا چاہتے ہیں، یہ ڈاکو جو ہیں، ان کا کوئی اور راستہ نہیں ہے، ان کے ساتھ سختی سے نپٹنا پڑے گا۔ میں تو Commit کر چکا ہوں باقی آپ سے مدد مانگوں گا ان شاء اللہ۔ (تالیاں) اسی طرح جیسے بجٹ پر بات کی گئی کہ اے ڈی پی 140 (ارب) سے کم ہو گئی، میں وجوہات بتاتا ہوں، جب ہم پہلے سال آئے، ہم سے پہلے جو بجٹ تھا، Maximum میرے خیال میں 76 بلین کی اے ڈی پی گئی، Maximum جب ہم پہلے سال آئے تو مجھے تیار اے ڈی پی 80 بلین کی دی گئی، اس کو ہم نے برداشت کیا اور کرتے گئے، اگلے سال ہم 80 سے 100 ارب تک اے ڈی پی لے گئے۔ پہلے سال ہم نے تقریباً 70 بلین خرچ کیے جو تقریباً 80% تقریباً پہلے سال کیے، دوسرے سال ہم نے 92% خرچ کیے، تیسرے سال ہم نے 85%، سارے پاکستان کا ریکارڈ اٹھا لو، پنجاب کا اٹھا لو، سندھ کا اٹھا لو، کوئی بھی 80% Cross نہیں کر سکا، بس صرف ہم ہیں کہ ہمیں کہتے ہیں کہ Lapse ہو گیا، ہمیں کہتے ہیں کہ کم فنڈز خرچ کیے ہیں، ذرا باقی کا تو دیکھو نا، پچھلی حکومتوں کا ریکارڈ نکالو، میں نے سارا ریکارڈ نکالا ہے، کسی نے 80% Cross نہیں کیا، کسی کو کسی نے نہیں کہا کہ Lapse ہوا، کسی نے نہیں کہا کہ یہ کام نہیں

کرتے، چونکہ ہم ایک صاف ستھری حکومت ہیں، ہم نے Commit کیا ہے اسلئے ہم Answerable ہیں، یہ لوگ Answerable نہیں تھے، (تالیاں) ان کو کوئی جواب نہیں دے سکتا تھا، ہم نے اپنے اوپر شرط لگائی ہے کہ ہم سے پوچھو، اگر ہم غلط ہیں، ہم سے پوچھو، اگر کرپٹ ہیں، ہمیں بتاؤ اگر کوئی ہم میں غلطی ہے، یہ واحد حکومت ہے جو جوابدہ حکومت ہے پاکستان میں، میں پہلی حکومتوں میں رہا، کبھی کسی نے نہیں پوچھا، یہ پریس بیٹھی ہے، انہوں نے کبھی سوال نہیں کیا، جب میں ان سے پوچھتا ہوں، کہتے ہیں آپ ہی کہتے تھے ہم تبدیلی لا رہے ہیں، یقیناً ہم ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ ہم چینج لا رہے ہیں اسی لئے ہم برداشت بھی کر رہے ہیں۔ تو یہ پچھلے سال میں 100 بلین سے 145 ارب تک لے گیا، کیوں لے گیا؟ کیونکہ مجھے 30 پرسنٹ لوکل گورنمنٹ کو دینے تھے، میرا اپنا خیال تھا کہ ہم Recover، لیکن پھر بھی ہم نے 125، 100 (مداخلت) ہاں 125 ارب روپے، 113 ارب روپے ہم نے خرچ کر دیئے، ہاں 113، تو پھر بھی میں نے پچھلے سال سے 20/25 ارب روپے زیادہ خرچ کیے اور جو کم خرچ ہوئے، وہ کہاں؟ اس میں آٹھ ارب روپے زلزلے اور سیلاب کے، یہ ڈویلپمنٹ فنڈ سے ہم نے دیئے تو یہ کوئی تقریباً 120 ارب تک پہنچتا ہے، اس میں کوئی 12 ارب روپے ہم نے تنخواہیں بڑھائیں، ڈاکٹرز کی بڑھائیں، 1-16 سکیل کی بڑھائیں اور اس اے ڈی پی کا پیسہ ہم نے تنخواہوں میں ان کو دے دیا۔ اس کے علاوہ پٹرول تیل سستا ہوا، اس کی وجہ سے ہمیں کوئی آٹھ ارب روپے کم آئے، وفاق کے ٹیکسز میں تقریباً 17 ارب روپے Recovery کم ہوئی، تو میں اسلئے بتانا چاہتا ہوں کہ یہ Actual position ہے، اس میں ہماری کوئی نالائقی یا کوئی کمزوری نہیں ہے، جو تھا ہم نے خرچ کیا اور ہوتا تو یہ 85% ہم نے خرچ کیا ہے، پنجاب کا جا کر پوچھ لیں نا کوئی کہ پنجاب نے کتنا کیا، سندھ نے کتنا کیا، بلوچستان نے کتنا کیا، پھر Comparison کریں، سارے پاکستان کا اکٹھا Comparison کریں، پنجاب کے ساتھ Compare کریں، تب پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے کیا کیا؟ دوسرا میں محکموں کی طرف آتا ہوں کہ 2013 میں جب ہم آئے تو ہمیں کیا ملا؟ پہلے اس کو تو دیکھنا چاہیئے کہ ہمیں کیا ملا ہے، ہمیں سکول کیسے ملے، ہمیں ہسپتال کیسے ملے، ہمیں پولیس کیسے ملی، ہمارے پٹوار خانے کیسے تھے، ہمارے دفاتر رشوت سے بھرے ہوئے کیوں تھے؟ مجھے تو کوئی صاف ستھرا صوبہ نہیں ملا، مجھے تو بنی بنائی بلڈنگ نہیں ملی، میرے سکولز میں Missing facilities، سکولز

میں Toilets نہیں، بجلی نہیں، پانی نہیں، کرسی نہیں، کوئی بیٹھنے کی جگہ نہیں، استاد نہیں، تو مجھے کیا ملا ہے؟ تو Compare تو کرو نا جو ہم نے کیا ہے، یہ تو نہیں ہے کہ مجھے 30 ہزار سکولز، ستر سالوں کے سکولز جن میں کمرے نہیں، دو کمروں کا سکول، مذاق، ڈرامہ کیا گیا غریبوں کے ساتھ، (تالیاں) غریب کے بچوں کو تباہ کیا گیا کہ دو کمروں کا سکول، خان کے بچے تو ائیر کنڈیشنڈ کمروں میں، غریب کا بچہ دو کمروں کے سکول میں، چھ کلاسز دو ٹیچر، یہ کونسا انصاف رہا ہے ستر سال کا؟ تو ہم نے اگر اس کو ٹھیک کرنا ہے، ہمیں اس کیلئے اربوں روپے چاہیئے، یہ تو بڑے مزے کی بات تھی کہ جی سکول بنا دیا، (مداخلت) شیر بہادر خان صاحب، میں بھی مجرم ہوں، میں بھی اس جرم کو قبول کرتا ہوں کہ ہم نے ظلم کیا غریبوں کے ساتھ کہ ان کے ٹیچر کا نہیں پوچھا، ہم نے ٹیچر پر سیاست کی، ٹیچر کے ٹرانسفر پر سیاست کی، ڈاکٹر پر سیاست کی، سکول بنانے پر سیاست کی، یہ سیاست لے بیٹھی ہے غریبوں کو، یہ Interference لے بیٹھی ہے تمام اس مجبور لوگوں کو کہ آج وہ رو رہے ہیں۔ ہسپتال میں دوائی نہیں ہے کیونکہ ہم سیاست کرتے رہے، ڈاکٹر نہیں کیونکہ ہم ڈاکٹر پر سیاست کرتے رہے، ہم سکولوں میں تعلیم نہیں دے سکے کیونکہ ہم ٹیچر پر سیاست کرتے رہے، تو یہ ظلم کس نے کیا؟ ہم نے کیا، ہم ذمہ دار ہیں اور ہم نے ہی ٹھیک کرنا ہے، یہ تحریک انصاف کی حکومت ہے، یہ ہماری جوائنٹ حکومت ہے کہ ہم تبدیلی لانا چاہتے ہیں، استاد دینا چاہتے ہیں، سکولوں کو ٹھیک کرنا چاہتے ہیں، (تالیاں) تو ہم نے کیا کیا؟ ہمارے دور میں دیکھو چھ کمروں کا سکول بن رہا ہے، اس میں چھ ٹیچرز ہیں، اس میں لیبارٹری بھی ہو گی، اس میں ہیڈ ٹیچر کا، ہیڈ ماسٹر کا دفتر بھی ہو گا اور چوکیدار کا کمرہ بھی ہو گا، یہ نہیں تھے یہ سارے، اس وقت ہم 15 ہزار پرائمری سکولوں کو پیسے دے چکے ہیں Parents Teachers Fund میں، آپ اپنے اپنے حلقوں میں جا کر دیکھیں سکولوں میں، وہ کام کر رہے ہیں، آپ اس پر چیک رکھیں کہ کہاں کمروں کی ضرورت ہے، وہ بنا رہے ہیں، Toilets کی ضرورت ہے تو ہمیں کیا، یہ پہلے کیوں کسی نے نہیں کیا، یہ ہمارا پیسہ تو سب جو Already سٹرکچر ہے، اس میں جا رہا ہے، ہم کیا کریں؟ بس بناتے جائیں گند اور پیچھے نہ دیکھیں، ہم تو پچھلے دوروں کا گند صاف کر رہے ہیں، کمرے بنا رہے ہیں، Toilets بنا رہے ہیں، بجلی دے رہے ہیں، پانی کے پروگرام کر رہے ہیں، تو ہم کیا کریں؟ اسی طرح غریبوں سے ظلم کرتے رہیں، تو یہ باتیں آپ کو دیکھنا پڑیں گی، پریس کو بھی دیں، پریس

والے، ٹی وی چینل والے، یہ ٹوٹا، بھئی! میرے باپ نے تو نہیں بنایا تھا، انہی حکومتوں نے بنایا تھا، ان سے پوچھو کیوں ایسے بنایا، ٹوٹے ہوئے کیوں بنائے؟ تو (تالیاں) سکول میں ٹیچر نہیں، کیوں نہیں؟ کیونکہ فلاں ایم پی اے صاحب کا، یہ فلاں کا ووٹر ہے، یہ فلاں کا ووٹر ہے تو کیوں یہ غریب کے بچے ہمارے غلام ہیں؟ یہ جو سرکاری ٹیچرز ہیں، ہمارے غلام ہیں کہ ہم ان پر سیاست کرتے رہیں؟ دنیا میں میں نے نہیں دیکھا، مجھے کوئی دنیا کی مثال بتادو جہاں پر سکول ٹیچر ٹرانسفر ہوتا ہو، کوئی دنیا کی مثال بتادو جہاں ڈاکٹر ٹرانسفر ہوتا ہو، دنیا کی کوئی مثال بتادو کہ جو ہم کر رہے ہیں، جو ہم نے اس ملک کے ساتھ ظلم، کوئی بتادو ایک ملک ہو گا جس کا بیڑہ غرق ہو گا، پاکستان کی طرح وہی ملک ہو گا جو Interfere کرتا ہے، وہی ملک جہاں پر ترقی اور خوشحالی ہے، انصاف ہے، وہی ملک ترقی کر رہا ہے، باقی گپ شپ ہے۔ میں نے صاف کہنا ہے کہ اس ملک میں کبھی بھی خوشحالی نہیں آئے گی جب تک ہم سیاسی Interference کریں گے، جب تک اداروں کو اداروں کے کام پہ نہیں چھوڑیں گے، ہمارا کام صرف امبریلہ، چیک کرنا ہے، ہم ان پر نظر رکھیں، ہمیں مجبور نہ کریں کہ ہم نظام کو بگاڑ کر رکھ دیں۔ میں پوری کوشش کر رہا ہوں لیکن پھر بھی پریشر بڑھ جاتا ہے مجھ پر، لیکن اتنا پریشر برداشت کر لیتا ہوں جتنا میں کر لیتا ہوں، باقی میں اپنا کام کرتا ہوں۔ تو سکولوں کا یہ حال ہے، اب سکولوں میں ٹیچرز حاضر ہیں کیونکہ مانیٹرنگ شروع کر دی۔ کیا کسی کو فکر تھی اس سے پہلے کہ سکول کے 50 پرسنٹ ٹیچرز Absent تھے اور کسی نے غور کیا کہ 50 پرسنٹ بچے غیر حاضر ہیں؟ آج ٹیچرز Present ہیں، مانیٹرنگ ہو رہی ہے، جو نہیں ہیں، ان کی تنخواہیں بھی کٹ رہی ہیں، Different سزائیں بھی ہو رہی ہیں، اگر نہیں ہو رہا، آپ سب بیٹھے ہیں، آپ کی ذمہ داری ہے، آپ کو لوگوں نے اسلئے Elect کیا ہے کہ آپ روڈ بناؤ اور دیکھو نا کہ سکول میں کیا ہے، روڈ کی کوالٹی کیا ہے، آپ بتائیں کہ آپ کے سکول میں ٹیچر نہیں ہے، آپ جا کر چیک کریں کہ آپ کے سکول میں کیوں ٹیچر نہیں آرہا کیونکہ اس کا سسٹم بن چکا ہے؟ اسی طرح ہاسپٹلز ہیں، جب ہم آئے ہیں تو ہاسپٹلز میں ڈاکٹرز کوئی نہیں، میں حساب کرتا رہا، سات آٹھ سو ڈاکٹرز تو جناب ڈاکٹرز صاحبان جن کو اللہ تعالیٰ نے بہت بڑا درجہ دیا ہے، دو دو ڈیوٹیاں کر رہے ہیں، کوئی امریکہ بیٹھا ہے، کوئی لندن بیٹھا ہے، کوئی کراچی، بھئی ادھر سے بھی تنخواہ لے رہا ہے ادھر سے بھی لے رہا ہے، وہ فارغ کیے، پھر کوئی پروموشن نہیں لیتا ہے، زبردستی پروموٹ کیا کیونکہ اور لوگ لینے

تھے، پھر بھی مسئلہ نہیں حل ہوا، ہم نے ڈاکٹروں کی تنخواہیں لاکھ سے ڈیڑھ لاکھ تک بڑھادیں کیونکہ کون پاگل ڈاکٹر جائے گا 45ہزار میں کوہستان، 45ہزار میں وہ کہیں، 45ہزار میں کبھی کوئی ڈاکٹر نہیں جائے گا، وہ نوشہرہ تک نہیں آتا ہے تو باقی تو چھوڑیں صوبہ، ابھی ہم نئے ڈاکٹرز بھرتی کر رہے ہیں اور امید ہمیں ہے کہ ایک ڈسٹرکٹ ڈاکٹرز ہوں گے اور اسی ہاسپٹل میں رہیں گے، یہ Transferable نہیں ہوں گے، اس پر سیاست نہیں ہوگی، یہ مجھے ڈاکٹرز لوگوں کیلئے چاہئیں، ڈاکٹرز ایم این ایز، ایم پی ایز کیلئے نہیں چاہئیں کہ وہ اس کا ووٹر ہے یا میرا ووٹر ہے۔ (تالیاں) تو یہ بڑا ضروری ہے، تو ہماری پوری کوشش ہے کہ اس سال کے اندر ہم ہسپتالوں میں ڈاکٹرز پورے کریں، وہاں اب تیسرا دیکھیں، ہسپتال میں ساری مشینری ٹوٹی ہوئی ہے، میں نے تو نہیں توڑی، مجھے تو ٹوٹی ہوئی ملی، ایکسرے مشین خراب، Different چیزیں خراب، کسی نے پوچھا ہی نہیں، ہم نے ریکارڈ بنالیا ہے کہ کیا کیا ہو رہا ہے اور اس سال کے بجٹ میں میں نے منسٹر صاحب سے کہہ دیا ہے کہ مجھے سارے ڈسٹرکٹس اور تحصیل ہاسپٹلز نظر آنے چاہئیں، ہم Already estimates بنا رہے ہیں، پی سی ون بن رہے ہیں، سارے صوبے کے تحصیل اور ڈسٹرکٹ ہاسپٹلز، کہ اس سال کے اندر اندر ہر حالت میں اس میں جتنی کمی ہے، پوری ہونی چاہیئے، ڈاکٹرز پورے ہونے چاہئیں۔ اس میں جو مشین خراب ہے، وہ پورا ہونا چاہیئے، فنڈز Available ہیں، میں نے پچھلے سال بھی فنڈز روک دیئے تھے کہ کوئی نئی سکیم مت کرو، جو سٹرکچر ہے مجھے وہ ٹھیک کر دو لیکن محکمے نے وہ کام نہیں دکھایا۔ اس سال میں اب ہر ہفتے میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے میٹنگ شروع کر رہا ہوں کہ مجھے یہ ہسپتال ٹھیک ٹھاک چاہیئے (تالیاں) کیونکہ یہ ہم سے عوام، آپ سے اور ہم سے عوام یہ چاہتے ہیں کہ ان کا ہسپتال ٹھیک ہو، ان کا سکول ٹھیک ہو، پولیس تھانہ ان کا ٹھیک ہو، پٹواری ان سے رشوت نہ لے، دفتر میں رشوت نہ ہو اور کوالٹی ٹھیک ہو، تو یہ چیزیں ہم کرلیں، باقی کونسا ہم نے کشمیر فتح کرنا ہے، ہم نے سسٹم ٹھیک کرنا ہے، ادارے ٹھیک کرنے ہیں، اس کو ہم نے یہ کرنا ہے۔ تو مسئلہ یہ ہے۔۔۔۔

ایک رکن: کشمیر کون فتح کرے گا؟

جناب وزیر اعلیٰ: کشمیر تو فیڈرل کرے گا۔ (قہقہے اور تالیاں) پھر اس سال جو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، ہمیں دو سال تو لگ گئے جو بڑے ہاسپیٹلز کی اٹانومی کیلئے ہڑتالیں ہوئیں، بڑی حکومتوں نے کوشش کی

اٹانومی دینے کیلئے، پنجاب نے کی ہے لیکن اس طرح نہیں کر سکے، میرے اس سے پہلے حکومتوں نے ایک جنرل کے ٹائم پر بھی کوشش کی گئی، وہ نہیں کر سکے، یہ واحد حکومت تھی کہ وہ کھڑی رہی ان کے خلاف اور اٹانومی ہم نے دے دی ہاسپیٹلز کو، (تالیاں) یہ پہلی حکومت تھی، کیونکہ ہم کھڑے رہے، انہوں نے ہڑتالیں کیں، عدالت گئے، کورٹ گئے، کورٹ میں ہم جیتے لیکن ہم نے ہار نہیں مانی کیونکہ ہسپتال میں ڈیلیور نہیں ہو رہا، ابھی بھی صحیح ڈیلیور نہیں ہو رہا کیونکہ ابھی سٹارٹ ہوا ہے، دو مہینے ہوئے ہیں، عدالت کی وجہ سے Stay تھا، ابھی بھی بہت چیزوں کا Stay ہے تو ان شاءاللہ وتعالیٰ ہاسپیٹلز میں ڈیلیوری شروع ہو گی اور کرکے دکھائیں گے کیونکہ ہم نے Commit کیا ہے کہ ہم نے لوگوں کو ڈیلیور کرنا ہے، نہیں کریں گے تو جو تماشہ میں نے ابھی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا کرنا ہے، تو یہ شہرام کو پتہ چل جائے گا (تالیاں) اور اس سال، ہم نے چار ضلعوں میں ہیلتھ انشورنس شروع کی تھی پچھلے سال، اب اس سال ہم چوبیس کے چوبیس ضلعوں میں ہیلتھ انشورنس شروع کر رہے ہیں جس میں غریب فیملی کو، یہ تقریباً جو Assessment مجھے ملی ہے ایک کروڑ لوگوں کو فائدہ پہنچے گا، اس میں تقریباً ایک لاکھ 80 ہزار سے دو لاکھ روپے سالانہ وہ اپنی دوائیاں علاج تھرو انشورنس کر سکیں گے، تو یہ ایک بہت بڑی غریب لوگوں کیلئے ایک فائدہ مند سکیم آرہی ہے (تالیاں) اور جس طرح اب ہم نے یہ بڑے ہاسپیٹلز 'اٹانومس' کر دیئے ہیں، یہی تحصیل اور ڈسٹرکٹ ہاسپیٹلز کو بھی اسی اٹانومی کا اختیار دے رہے ہیں تاکہ ضلع کے اپنے ہی لوگ، آپ کے علاقے کے اپنے لوگ اس میں بیٹھیں، بورڈز بنائیں، ون ٹائم ہم اس کو بجٹ دیں، Hire and Fire کا اختیار ہو تاکہ موقع پر دوائیاں موجود ہوں، موقع پر ڈاکٹرز موجود ہوں، نہیں کام کرتا گھر جائے کیونکہ یہ اس طرح نہیں چلتا۔ سرکاری ڈاکٹر، سب سرکار، تو سرکار تو سرکار ہوتی ہے، ہمارے پشتو میں جو سرکار کو ہم سمجھتے ہیں، اس کو ہم لارڈ صاحب سمجھتے ہیں، تو لارڈ صاحب اب نہیں چلے گا، اب انہوں نے ڈیلیور کرنا ہے، کام کرنا ہے۔ تو ہماری یہ کوشش ہے کہ لوگوں کو ڈیلیوری ہو، ہمیں کوئی نہیں، لوگ خوش ہوں، مجھے پتہ ہے، آپ کو پتہ ہے ہم عوام سے ہیں کہ غریب لوگ کتنے تکلیف میں ہیں، ہسپتال میں تکلیف، تھانے میں تکلیف، پٹوار خانے میں تکلیف، سکول میں تکلیف، ہر جگہ تکلیف، یہ تو ہم مزے سے ائیر کنڈیشنڈ میں بیٹھے ہیں، ہمیں کیا پتہ ہے، ہمیں کیا پتہ ہے کہ ہمارے بچوں کی تعلیم ٹھیک ہے، مجھے میسج آتا ہے جی سکول

ٹھیک کرو، میں کہتا ہوں تیرا بیٹا کبھی پڑھا سکول میں، کہتا ہے نہیں، میں نے کہا کہ سکول کہیں گئے ہو تو پھر میسج کیوں دیتے ہو کہ سکول ٹھیک کرو؟ ایسے ایسے لوگ بھی سوشل میڈیا پر بیٹھے ہیں کہ ان کو خواب میں آتا ہے اور خواب میں باتیں کرتے ہیں، سوشل میڈیا پر شوشہ چھوڑ دیتے ہیں، پھر یہ ہمارا WSSP پروگرام تھا، پشاور گندگی سے بھرا ہوا، روز Complaints، ہم نے WSSP بنایا، مشینری لائی کافی، میں یہ نہیں کہتا کہ 100 پرسنٹ سب ٹھیک ہو گیا لیکن پہلے اگر وہاں پر 10% تھا تو 80% کی بہتری آگئی اور یہ جو پشاور میں ہم کر رہے ہیں، ہم سارے صوبے میں پھیلا رہے ہیں، یہ نہیں کہ خالی پشاور، اب WSSP سارے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کیلئے Approve ہو چکا ہے، فنڈز جا چکے ہیں اور اس سال اس پر کام شروع ہو گا اور بورڈز بھی بن چکے ہیں۔ اسی طرح 1122 تھا، ہمارے صوبے میں دو ڈسٹرکٹس میں تھا، ایک پشاور ایک مردان، اس کے علاوہ کہیں نہیں تھا۔ اب پہلے پچھلے سال میں نے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں تقریباً اس وقت بارہ تیرہ ضلعوں کیلئے Approval ہو چکی ہے، لوگ ٹریننگ میں جا چکے ہیں اور کچھ ابھی اپوائنٹمنٹس ہو رہی ہیں، اس سال کے اندر یہ بارہ ضلعوں کے اندر 1122 چلا جائے گا۔ (تالیاں) دوسرا ہمارا صوبہ بے روزگار ہے، ہمارے پٹھان بھائی ہر جگہ بری حالت میں ہیں، کوئی کراچی مزدوری کر رہا ہے کیونکہ اس صوبے میں کارخانے نہیں لگتے اور جب تک کارخانے نہیں ہوں گے، بے روزگاری کبھی بھی ختم نہیں ہو گی، ہمارے جتنے اسلامی ممالک ہیں، دنیا میں کہیں جاؤ تو پٹھان وہاں بیٹھا ہے لیکن وہ پٹھان ٹاپ پوزیشن پر نہیں ہے، وہ لوئر لیول پر کام کرتے ہیں، تو ایک تو ہم نے یہ کوشش کی کہ اس صوبے میں جو ٹیکنکل سنٹرز ہیں، میں نے خود دیکھا ہے کہ نہ مشین چلتی تھی، اس کو زنگ لگا ہوا ہے، کتابوں سے دیکھ کر فیصلے لیتے تھے، جعلی ڈگری دے دیتے تھے، غریبوں کے بچے تباہ و برباد، میری اگر فیکٹری ہے، میرے پاس ایک ٹیکنکل ڈگری کوئی لے آتا ہے تو میں اس کی ڈگری کو نہیں دیکھوں گا، میں دیکھوں گا کہ یہ جانتا ہے کام کہ نہیں؟ وہ بے روزگار تباہ، وہ ہم نے ایک TEVTA بنائی، بہترین ٹیکنکل ٹریننگ شروع ہو چکی ہے، آپ جا کر وزٹ کر سکتے ہیں، میں جو باتیں کر رہا ہوں، آپ وزٹ کر کے دیکھ لیں کہ آیا کوئی فرق ہے کہ نہیں، آیا ٹریننگ میں فرق ہے یا جو اور میں نے بات کی، کوئی فرق ہے کہ نہیں؟ تو وہ بہتری آ رہی ہے کیونکہ مجھے جو دنیا سے ڈیمانڈ آ رہی ہے تو وہ یہ کہ جب ہم پاکستان جاتے ہیں تو ہمیں ضرورت پٹھانوں کی ہے، بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے

ادھر، ہمارے ادھر جو Islamic Countries ہیں لیکن کہتے ہیں کہ جب ہم جاتے ہیں، ان کو آتا ہی کچھ نہیں، Trained ہی نہیں ہیں، تو ہم پاگل ہیں، وہ ہم پھر انڈیا سے لے کے جاتے ہیں، تو اسی وجہ سے میں نے پہلے سال سے پھر زور لگایا کہ ہم ہر سال 20/25 ہزار بچے صحیح Train کریں تا کہ وہ نکلنے کے ساتھ ان کو Job ملے، تو ہماری سب کی یہ کوشش ہو گی کہ ان ٹریننگز پر صحیح زور ڈالیں، صحیح Train کریں کیونکہ ہمارے پٹھانوں کی جتنی ڈیمانڈ ہے، دنیا میں کہیں اور ڈیمانڈ نہیں ہے کسی اور کی، تو اس پر ہم پوری توجہ دے رہے ہیں، ساتھ ساتھ اس صوبے میں کارخانہ کوئی نہیں لگاتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ پشاور اور کابل تھا، یہ دونوں ٹریڈ سنٹرز ہوا کرتے تھے، پہلے پیدل خچروں پر کاروبار ہوا کرتا تھا، یہاں کا سامان ادھر اور ادھر کا ادھر، ہمارا صوبہ چل رہا تھا، کوئی مسئلہ نہیں تھا، کاروبار چل رہا تھا لیکن جب سے افغانستان میں مسئلہ آیا تو ہمارا صوبہ Feasible نہیں رہا کیونکہ ہمارے سے سمندر دور، Raw material ہم سے دور، ٹیکنکل لوگ ہمارے پاس نہیں، اگر مشین خراب ہوتی ہے تو گجرانوالہ بھیجنا پڑتی ہے، ٹیکنکل لوگ اگر ضرورت ہو تو ہمیں پنجاب سے سندھ سے لانا پڑتے ہیں، سمندر ہم سے دور ہے، Raw material ہمارے پاس نہیں ہے، بغیر گنے کے اور سیمنٹ کے کارخانے کے بنانے کے ہمارے پاس اور کچھ بھی نہیں ہے کہ ہم کچھ بنا سکیں کیونکہ اگر میں کوئی کارخانہ لگاؤں، اگر مجھے پانچ پرسنٹ ادھر پنجاب میں فائدہ ہو تو میں پاگل نہیں ہوں گا کہ ادھر انویسٹ کروں گا، میں وہیں جاؤں گا جہاں مجھے ایک پیسہ زیادہ ملے، تو اس کو لیول کرنے کیلئے ہم نے اپنے صوبے میں کمپنی بنائی، اندسٹری، KPEZDMC، اس کو ٹوٹل 'اٹانومس' کر دیا، انڈسٹریز ان کے حوالے کی جا رہی ہیں، حطار ان کے حوالے کر دیا ہے، اس سال تقریباً ساڑھے تین ارب روپے ہم ان پر خرچ کریں گے، یہ انڈسٹریل اسٹیٹس ون 'ونڈو' آپریشن ہوں گے، ایک Application کے ساتھ اس کو پانی، بجلی، گیس، این او سی سب کچھ ملے گا، اس کو کہیں پھرنا نہیں پڑے گا اور یہ باقی انڈسٹریز میں آ رہا ہے۔ اس میں ہم نے، پھر بھی ہمیں ضرورت ہے کہ کارخانہ داروں کچھ دینا پڑے گا تو ہم نے انڈسٹریز پالیسی میں جو بھی اس صوبے میں اب کارخانہ لگائے گا دسمبر 2017 تک، تو اس وقت جو Loan آپ لیتے ہیں تو وہ ساڑھے سات پرسنٹ Loan ہے، اس میں پانچ پرسنٹ صوبہ وہ Loan ادا کرے گا اگلے پانچ سال کیلئے تا کہ اس صوبے میں کوئی انڈسٹری لائے (تالیاں) Otherwise اگر ہم ان کو مراعات نہیں دیں

گے تو کبھی بھی کوئی کارخانہ نہیں لگائے گا، ہمیں سال میں تین، چار، پانچ ارب روپے دیناپڑے گا لیکن اس کے بدلے ان شاءاللہ وتعالیٰ مجھے بہت امید ہے کہ آئندہ سالوں میں یہاں انڈسٹری بہت لگناشروع ہو جائے گی۔ حطار میں ہمارے پاس تقریباًسات آٹھ سوایکڑ زمین تھی، ایک مہینے کے اندر ساری بک گئی ہے اور ایک ہزار کی اور ڈیمانڈ ہے۔ اس طرح موٹروے پر ہماری دس ہزار کنال ہے، Different ہے، اس پر ہمارا کام شروع ہے۔ اسی طرح جو فیکٹری لگائی، Rebate 25% ہم نے پلاٹ پر دی، کوئی سپیشل انڈسٹری لگائے سپیشل، اس کیلئے ہم 25% بجلی میں بھی رعایت دیں گے، کوئی خاص انڈسٹری لگائے گا جس میں صوبے کو فائدہ ہو گا، اس میں رعایت بجلی میں دینے کیلئے تیار ہیں اور خواتین جو سرمایہ کاری کریں گی، ان کیلئے ہم نے، 50پرسنٹ صوبہ ان کا پیسہ ادا کرے گا، اگر وہ کوئی صحیح انڈسٹری لگائیں (تالیاں) ساتھ ساتھ جو مشینری کراچی سے ادھر آئے گی، امپورٹ ہو گی، اس پر کرائے پر بھی مجھے وہ Exact نہیں پتہ کہ 25 ہے یا 50پرسنٹ، اس کا کرایہ صوبائی حکومت Pay کرے گی تاکہ اس پر اسے بچت ہو سکے، 25پرسنٹ، تو باتیں بہت ہیں، بجلی میں کیا ہوا، دیکھیں میں آپ کو بتاؤں سب سے زیادہ اس صوبے میں لوگ قبضہ مافیا بن گئے ہیں، جہاں پوچھتا ہوں یہ فلاں کے پاس قبضہ ہے، Encroachment ہے، ہم نے پوری کوشش کی کہ صوبائی حکومت کی ایک انچ زمین بھی کوئی قبضہ نہ کر سکے، ہم نے Encroachment ہٹانے کی کوشش کی، کسی کا نہیں سوچا کہ بڑا ہے چھوٹا ہے، طاقتور ہے، کمزور ہے، ہمارے لئے سب برابر ہیں، وہ ہمارا جاری ہے اور آپ ہماری مدد کریں، ہمیں لوگ بھی بتائیں، جہاں پر Encroachments ہیں، جہاں پر قبضے ہیں، یہ حکومت ہے، حکومت کی Writ بحال ہو گی، کوئی کسی چیز پر قبضہ نہیں کر سکتا۔ یہاں ایک ڈرامہ نکلا ایک اخباروں میں، ٹھیک ہے چوہے نکل آئے خیبر پختونخوا میں، پشاور میں چوہے نکل آئے، آپ کو پتہ ہے، میں نے بھی بڑی سٹڈی کی کہ یہ چوہے آئے کدھر سے؟ یا تو بچے ہوتے ہیں، تو پھر بھی میں سمجھتا تھا کہ کہیں سے پیداوار ہو گی، بڑے بڑے چوہے، جناب عالی! پریس والوں کو بتانا چاہتا ہوں، یہ جتنی Encroachment ہم نے ہٹائی، یہ ان کے گھر تھے، یہ جوان کے لگے ہوئے تھے، وہ جو کھوکے شوکے لگے ہوئے تھے، ان کے نیچے ان کے گھر بنے ہوئے تھے، انہوں نے قبضہ کئے ہوئے تھے، جہاں پر میں نے پوچھا بھئی فلاں Encroachment ہٹی وہاں پر چوہے ہیں کہ نہیں؟ کہتے ہیں کہ ہاں چوہے ہیں، جہاں نہیں

Encroachment ہٹی، میں نے کہا وہاں نہیں ہے، تو یہ چوہے Encroachment کے نیچے، یہ بھی قبضہ گروپ تھے، (تالیاں) ان کو بھی ہٹالیا، تو یہ چوہے کہیں سے آئے نہیں تھے، یہ وہیں، کیونکہ میں نے بہت سوچا کہ چوہے آئے کہاں سے؟ تو پتہ اب چلا کہ Encroachment، یہ پنجاب میں ذرا Encroachment ہٹائیں نا، وہاں Encroachment میں اس سے ڈبل چوہے نکل آئیں گے، (قہقہے اور تالیاں) وہ نہیں ہٹائیں گے، جس دن پنجاب میں چوہے نکلے، آپ سمجھیں Encroachment ہٹ گئی ہے۔ اسی طرح مطلب، میں کیا کیا بات کروں، دیکھیں میں صوبے میں جاتا ہوں، ہر ایک بولتا ہے کہ ہماری سڑک ٹوٹی ہوئی ہے تو میں نے کہا کہ کس نے ٹوٹی ہوئی بنائی؟ ہم نے تو ٹوٹی ہوئی نہیں بنائی، ہماری سڑکوں سے Compare کرو، ہمارے دور میں سڑکیں بنیں، Compare کرو، دس سال میں نہیں ٹوٹیں گی۔ پلانٹ سے Mix آتا ہے، پلانٹ سے Mix آتا ہے، میں نے Compulsory کر دیا ہے کہ ایک انچ بھی سڑک بغیر پلانٹ کے Mixer کے نہیں بنی گی، پہلے Mixers، ٹھیکیداروں پر مجھے ہنسی آتی ہے کہ Mixer سڑک پر کھڑا ہے اور سڑک بن رہی ہے، اوہ خدارا یہ سڑک نہیں ہے، یہ تو تارکول کی سڑک ہے، یہ تو تیل سے بن رہی ہے۔ میں ایک دفعہ ایک ٹھیکیدار کے پاس رکا، میں نے کہا یہ کیا بنا رہے ہو، پچھلے گورنمنٹ میں، میں نے کہا یہ سڑک ہے، اس طرح سڑک ہوتی ہے، کہتا ہے کہ میں کیا کروں ایم این اے صاحب آتے ہیں کہ پانچ پرسنٹ مجھے دے دو، ایم پی اے صاحب آتے ہیں پانچ پرسنٹ مجھے دے دو، تو سڑک تو یہی بنے گی نا، (تالیاں) تارکول کی جگہ تیل ہی لگے گا نا؟ تو میں نے کہا زبردست، ٹھیک ہے، تم ٹھیک کہہ رہے ہو، تمہارا کیا ہے، تم بیچارے کیا کر سکتے ہو، تم نے تیل ہی ڈالنا ہے، تارکول تو ڈال ہی نہیں سکتے ان پیسوں میں، یہ میرے نوشہرہ کی بات ہے، کہیں اور کی بات بھی نہیں ہے، تو ہمیں سڑکیں ٹوٹی ہوئی ملیں، آپ جا کے، پلیز پریس والے سب آپ جا کے Comparison کریں، جو سڑک ہمارے دور میں بنی، وہ دیکھیں کوالٹی اور پچھلے دور کی دیکھیں، پھر آپ کو تبدیلی نظر آئے گی، آپ کو تبدیلی یہ نظر آئے گی کہ 100 فیصد ٹھیک ہو جائیں۔ ہمارے دور میں جو بلڈنگز بن رہی ہیں، ان کی کوالٹی دیکھیں، جو پچھلے دور میں ایک بلڈنگ بنی، اس کی کوالٹی دیکھیں تو آپ کو تبدیلی نظر آئے گی، (تالیاں) آپ کو فرق نظر آئے گا، آپ کو نظام میں فرق نظر آئے گا، آپ کو

سکول میں فرق نظر آئے گا۔ یہ تبدیلی جو ہے یہ نظام کو ٹھیک کرنے، اگر ہم نے پولیس کو اختیارات دیئے، میں نے اپنے اختیارات کم کئے، کیوں؟ کہ عوام کو سہولت ہو، لوگوں کو کوئی سمجھ آئے کہ پولیس کا کیا کام ہے؟ پولیس میرا نہیں ہے، اگر میرا ایم پی اے، میرا منسٹر ایس ایچ او لگاتا ہے، ڈی پی او لگاتا ہے تو اس کا تابعدار ہو گا، وہ تو اس کا غلام ہو گا، اب وہ کسی کا غلام نہیں ہے اور ڈیلیور نہیں کرتے، میں نے سب کو کہا ہے، مجھے Complaint مت کرو پولیس کی، مجھے ثبوت دے دو، گواہی، ہر ایک کے ہاتھ میں ٹیلیفون ہے، موبائل ہے، پلیز ریکارڈ کرو، ہم دیکھتے ہیں کہ ہم سزا دیتے ہیں کہ نہیں دیتے؟ مطلب کوئی الزام تو لگاتا ہے، الزام ہم پر لگائیں، میں کہتا ہوں کہ ہم سب چور ہیں لیکن ثابت تو کرو نا، ثبوت تو کوئی لائے، بغیر ثبوت کے کیسے تم کہہ سکتے ہو کہ فلاں ٹھیک ہے، فلاں فرشتہ ہے، فلاں چور ہے؟ تو اس پر بھی میں اس صوبے کے عوام کو کہنا چاہتا ہوں کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں، کرپشن کے ہم دشمن ہیں، کسی کی کرپشن میں نہیں برداشت کر سکتا، پلیز کہیں کوئی پیسہ لے رہا ہو، ریکارڈ بنائیں، فلم بنائیں، اس کی آواز ٹیپ کریں، گواہی لائیں، میں سزا دوں گا، میرا Complaint Cell بیٹھا ہے، وہ سزا دے گا، ہم کسی کو نہیں چھوڑیں گے (تالیاں) لیکن اگر آپ کہیں، پریس والے بھی میں ان سے بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جی فلاں جگہ کرپشن ہے، خدا کیلئے کوئی ثبوت تو لاؤ نا، پھر دیکھو حکومت ان سے ملی ہے کہ ڈاکوؤں کو اندر کرنے کیلئے لگی ہے، ثبوت لاؤ، ہمیں بتاؤ، ہم جا کے ان کو پکڑنے کیلئے تیار ہے، مجھے اللہ کے علاوہ کسی کا ڈر نہیں ہے، میں نے اپنی قبر میں جانا ہے، مجھے اپنا حساب دینا ہے، میں حرام کیلئے نہیں ادھر، میں ادھر آیا ہوں کہ یہ سسٹم ٹھیک ہو جائے۔ میرے اپنے ایم پی ایز سے بڑا گلہ ہے، کئی دفعہ میں کہتا ہوں کہ تم نے بدلنا ہے، تم نے لوگوں کو ڈیلیور کرنا ہے، عوام کی خدمت کرنی ہے، ہم ادھر نہیں آئے ہیں کہ ہم اپنا رعب جمائیں کہ اختیارات دے دو، اختیارات کچھ بھی نہیں ہیں، اس پر نظر رکھنا ضروری ہے۔ اختیارات میرے پاس ہیں تو میں کیا کروں، میں اختیارات سے کوئی بڑا بادشاہ تو نہیں بن جاتا لیکن جب میں اس کو چیک نہ کروں تو پھر میرے ساتھ ناانصافی ہے کہ میں اپنے اختیارات کو غلط استعمال کر رہا ہوں۔ ہمیں یہ سوچنا پڑے گا کہ یہ ملک کسی نے تو ٹھیک کرنا ہے، اگر یورپ امریکہ ترقی کر رہے ہیں تو کیوں کر رہے ہیں، وہاں کوئی اور دنیا بیٹھی ہے؟ کیا وہ ہم سے خوبصورت ہیں، کیا ان کے دماغ ہم سے تیز ہیں، کیا وہاں پر ایسے پہاڑ نہیں ہیں، ایسے دریا نہیں ہیں، ایسے سمندر نہیں ہیں؟ وہاں انہوں نے نظام

ٹھیک کر لیا، انہوں نے اپنے سسٹم ٹھیک کر لیا، کیا کیا؟ Political interference ختم کر دی، Transparent کر دیا اور اس کو کرپشن فری کر دیا، گڈ گورننس کی طرف لگ گئے، جب گڈ گورننس بن گئی، Transparent بن گیا، Political interference ختم ہوئی تو گاڑی لائن پر چل پڑی، خود جو بھی آتا ہے اس ٹریک پر چلتا ہے اور نظام بدل دیا گیا، کوالٹی بہتر ہو گی اور لوگوں کے کام کرنے کا طریقہ کار ہے وہ بدل گیا، خوشحالی آ گئی، انصاف ملنا شروع ہو گیا، یہاں ہم انصاف اپنے لئے چاہتے ہیں، کسی اور کیلئے نہیں چاہتے کہ فلاں یہ فلاں، یہ جب تک ہم اپنے آپ پر فیصلہ نہیں کریں گے کہ میں نے ٹھیک ہونا ہے، جب میں کہوں گا میں نے ٹھیک ہونا ہے تو مجھے سب ٹھیک نظر آئے گا، جب میں ٹھیک نہیں ہوں گا تو کوئی نظر نہیں آئے گا، تو اگر ہماری صوبائی اسمبلی کے ممبران دل میں قسم کھالیں کہ آج کے بعد میں نے ٹھیک ہونا ہے تو مجھے یقین ہے کہ کوئی چیز خراب نہیں ہو سکتی اور اگر آپ ٹھیک نہیں ہوں گے تو کچھ ٹھیک نہیں ہو گا، نہیں ہو گا۔ (تالیاں) جب میں ٹھیک نہیں ہوں گا، میری ٹیم ٹھیک نہیں ہو گی، میرے ساتھی ٹھیک نہیں ہوں گے تو ہم کیا اس صوبے کو ڈیلیور کریں گے؟ بس وہی ساٹھ ستر سال گزر گئے، باقی بھی وقت گزار لیا اور پتہ نہیں اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ پھر کیا کرے گا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اسمبلی کا ایک۔۔۔۔۔

جناب وزیر اعلیٰ: راغم، راغم۔ مطلب اسی طرح Different، چونکہ یہ پریس والے بڑے بولتے ہیں کہ ہم نے کچھ نہیں کیا تو ان کو میں سمجھاتا چلوں کہ ہم نے کیا کیا ہے۔ دیکھیں ہم نے ہر محکمے میں میں ریفارمز لائے، سسٹمز بنا دیں، اس کو Transparent کر دیا، Foolproof کر دیا، کوئی اس میں Interfere نہیں کر سکتا، چاہے وہ ایجوکیشن ہے، کوئی ٹرانسفر نہیں کر سکتا، چاہے ہیلتھ ہے اس میں بھی سسٹمز آ رہے ہیں کہ وہ بھی بہتری آئے گی۔ اگر ہم نے Different جگہوں میں اٹانومی دی ہسپتالوں کو، اسلئے دی کہ وہ ڈیلیور کریں، ہم نے بورڈز بنائے، ہم نے کمپنیز بنائیں اسلئے کہ عوام آ کے بیوروکریسی کا اختیار لے کے، یہ عوام کے پاس جائیں، وہ کام کریں۔ بیوروکریسی نے اگر ڈیلیور کرنا ہے، میرے پیچھے بیٹھی ہے، اگر انہوں نے ڈیلیور کرنا ہوتا تو ہماری یہ حالت ہوتی، یہ صوبہ ادھر پہنچا ہوتا، ہمارے حالات یہ ہوتے؟ (تالیاں) یہ ڈیلیور کیلئے نہیں ہیں، ان سے ہم نے ڈیلیور کرانا ہے، ہم ان کے Boss ہیں، ہم نے ان

سے ڈیلیور کرانا ہے، انہوں نے نہیں ڈیلیور کرنا، انہوں نے کبھی ہمیں کوئی اچھا آئیڈیا نہیں دینا، نہ دیا ہے مجھے تین سال میں، نہ یہ دیں گے، یہ جب دیں گے، ہمیں ڈوبنے کیلئے دیں گے، تو میں صاف کہتا ہوں کہ ہم نے کام ٹھیک کرنا ہے۔ میری باتیں بہت لوگوں کو بری لگتی ہیں لیکن میرا دل ہے، میں جو مرضی کروں، اللہ تعالیٰ نے موقع دیا ہے، میں کروں گا۔ (تالیاں) اسی طرح ہم نے Billion trees کا پراجیکٹ شروع کیا، پرویز رشید جیسا آدمی جو کمرے سے ہی نہیں نکلتا، میں نے Invite کیا، پشاور آؤ، تمہیں دکھاؤں، کہتا ہے کدھر لگے، میں تو پرویز رشید کیلئے تو نہیں لگا رہا ہوں، میں اپنے صوبے کے مستقبل کیلئے لگا رہا ہوں، پرویز رشید کون ہوتا ہے کہ میرے سے پوچھتا ہے، میں ان سے کئی سوال پوچھ سکتا ہوں۔ (تالیاں)
ہمیں غم ہے کہ اس صوبے میں موسم بدل رہا ہے، ہمارے گلیشئرز پگھل رہے ہیں، گلگت، چترال اور یہ علاقے، گلگت تباہ ہو چکے ہیں، موسم بدل رہا ہے، گلیشئرز پگھل رہے ہیں اور کوئی راستہ نہیں ہے، جب تک اس صوبے میں، اس ملک میں درخت کروڑہا اربہا نہیں لگیں گے، یہ موسم نہیں ٹھیک ہو گا، یہ تبدیلی نہیں آئے گی، گلیشئرز پگھلتے رہیں گے، سیلاب آتے رہیں گے اور ہم ڈوبتے رہیں گے۔ اسی وجہ سے ہم نے Initiative start کیا، ابھی تک ہم کوئی 25/30 کروڑ کر چکے، 50 کروڑ ہم نے پورے کرنے ہیں کیونکہ پہلے دو سال میں ہمارے پاس نرسری میں پودے ہی نہیں تھے، ہم کدھر سے لگاتے کیونکہ پچھلی کسی حکومت نے سوچا نہیں تھا تو پودے کہاں سے آتے، مجھے ملا ہی کیا تھا؟ یہ دو سال میں تو ہم نے وہ نرسری تیار کی، لوگوں کو Motivate کیا، اب جا کر ہمارے پاس اس سال کوئی 35 کروڑ ہمارے پاس پودے موجود ہیں، تو یہ ہم اپنے صوبے کے مستقبل کیلئے کر رہے ہیں حالانکہ یہ پیسے میں آج کیلئے خرچ کر سکتا تھا لیکن ہمیں مستقبل کا غم ہے، ہمیں مستقبل کا سوچنا چاہیئے۔ تو اگر کوئی اس پر Objection کرتا ہے تو ہم ان کو موقع پر لے جا سکتے ہیں کہ ہمارا 80% سے زیادہ گروتھ ہو رہی ہے جو دنیا میں بہترین ہے اور خوش قسمتی یہ ہے کہ نیت صاف ہو تو اللہ تعالیٰ نے، جب ہم یہ پودے اگا رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے بہت سی بارش کر دی، اللہ تعالیٰ نے ہماری مدد کر دی اور پودے بہتر اگ رہے ہیں، اگر بارش نہ ہوتی تو ہو سکتا ہے کہ 50% بھی گروتھ نہ ہوتی، تو یہ اللہ کی بھی مہربانی ہے، نیت صاف رکھیں، اللہ مدد کرنے والا ہے۔ (تالیاں) اسی طرح ٹریفک وارڈن سسٹم کوئی نہیں تھا، ہم نے پشاور میں شروع کیا۔ یہ کہتے ہیں کہ پی ٹی آئی نے کیا کیا؟ میں کہتا

ہوں کہ پی ٹی آئی اور اس حکومت نے کیا نہیں کیا؟ میرے سے پوچھو، وہ میرے سے پوچھو (تالیاں) اور مجھے بتائیں کہ پہلے کس نے کیا کیا ہے؟ وہ مجھے کوئی بتادے، میں تیار ہوں چیلنج لینے کو کہ پچھلے دوروں میں کونسا اچھا کام ہوا ہے۔ ایک بتادیں جو یہ چیخ رہے ہیں، ہم نے بڑا کچھ کیا۔ یونیورسٹیاں الاٹ کیں، بلڈنگز ہم بنا رہے ہیں، کرائے کی بلڈنگز میں چل رہی تھیں، ہم سے پوچھو کیا نہیں کیا، مجھے گلے سے پکڑلو اگر میں نے کچھ بھی نہ کیا ہو کسی محکمے میں، اگر اس میں سسٹم کوئی نہیں ٹھیک کیا، اس میں بہتری نہ لائی ہو تو آپ سب آکے مجھے پکڑلو کہ تم نے کچھ نہیں کیا۔ تو میں یہی کہتا ہوں، میرے سے پوچھو کہ تم نے کیا نہیں کیا، ان سے پوچھو تم نے کیا کیا؟ (تالیاں) اسی طرح لینڈ کمپیوٹرائزیشن کی بات ہوئی، پنجاب کتنے سالوں سے لگا ہوا ہے، ابھی منسٹر صاحب نے بتایا کہ ہم نے کافی کام کیا ہے، مردان ایک ٹیسٹ کیس تھا، ادھر تھوڑے پرابلمز آگئے تھے، اس کو ہم بہترین لیول پر لے جانا چاہتے ہیں، آگے ڈسٹرکٹس میں اسلئے ابھی نہیں شروع کیا، تیاری ہماری ہے لیکن جب تک وہ Foolproof 100% ٹھیک نہ ہو، میں نے ان کو کہا کہ پشاور اور اور ضلعوں میں نہیں لے جانا، ان شاءاللہ مہینے تک یہ ٹھیک ہو جائے گا اور باقی ضلعوں میں، سارے صوبے میں ان کو آگے لے کر جائیں گے اور باقی صوبوں سے ان شاء اللہ آگے نکل جائیں گے۔ اسی طرح ہم نے نوجوانوں کیلئے، ہم نے اس سال یوتھ کیلئے ایک ارب روپے رکھے ہیں، ایک یوتھ کونسل بنے گی، ہم بنا رہے ہیں، اس میں بہترین دماغ کے لوگ آئیں گے، وہ جو سکیم، پراجیکٹ کریں گے، جو سکیم وہ بنائیں گے، یہ ایک ارب روپے نہیں کہ ہم 10 ارب اور لگانے کو تیار ہیں کہ یوتھ کیلئے ہم کچھ کر سکیں، تو یہ یوتھ پروگرام اس سال سے چلے گا اور وہ پراجیکٹ جو یوتھ خود بنائیں گے، خود Implement کریں گے، فنڈنگ ہم کریں گے تاکہ یوتھ کو اپنا حصہ مل سکے۔ اسی طرح یوتھ کیلئے ہم نے ہر تحصیل میں پلے گراؤنڈز شروع کئے، کچھ زمینوں کے مسئلے، کچھ Stay کے مسئلے لیکن تقریباً اس وقت 76 تحصیلوں میں تقریباً 60 پر کام شروع ہو چکا ہے، 20/25 کمپلیٹ ہو چکے ہیں تو صوبے میں ہر تحصیل میں ایک گراؤنڈ، ایسا گراؤنڈ نہیں ہوگا، اس میں ہم کلب بنا رہے ہیں، پھر انٹر ڈسٹرکٹس میچز ہوں گے، پورا ایک سسٹم دے رہے ہیں، جو کچھ ہم بنا رہے ہیں، خالی بنا کے نہیں دے رہے ہیں، ہر چیز کیلئے سسٹم دے رہے ہیں کہ اس کو باقی آگے چلانا کس طرح ہے۔ آگے اس کی Safeguard بھی رکھنی ہے کہ گراؤنڈ گراؤنڈ رہے، اس میں گراس رہے، اس میں

میچز ہوں، تو اس کیلئے بھی پلاننگ ہو رہی ہے، سسٹم تقریباً بن چکا ہے کہ یہ صوبہ، بہترین کھلاڑی پاکستان کے اس صوبے سے نکلیں، چاہے وہ ہاکی ہو، چاہے کرکٹ ہو، چاہے جو بھی آپ کو کہیں، چونکہ صحت کے لحاظ سے ہم اور لوگوں سے اچھے ہیں تو جب تک ہم کھلاڑی پیدا کرتے رہیں گے، ان کیلئے گراؤنڈز کی بھی ضرورت ہوگی۔ اسی طرح ٹورازم، ہم نے گلیات کو 'اٹانومس' بنایا، آپ جا کے نتھیا گلی دیکھ لیں، جب ہم نے بورڈ بنادیا، اس کو 'اٹانومس' کردیا تو نتھیا گلی کی شکل بدل گئی، اگر یہ سرکار کے ہاتھ میں ہوتا تو یہ شکل نہ بدلتی، اسی طرح اتھارٹیز ہم ساؤتھ کی بھی بنا رہے ہیں تقریباً Completion میں ہیں اور ملاکنڈ کی بھی بنا رہے ہیں، ادھر کی بھی، ہزارے کی بھی اور اس اگلے بجٹ میں ان کو پورا با اختیار کیا جائے گا، جہاں پر ہمارے بہترین سپورٹس ہیں، وہ ہم نے مارک کئے ہوئے ہیں، ان کو ہم ڈیولپ کریں گے، سیاحت کیلئے اس کو آگے لائیں گے۔ (تالیاں) اسی طرح زراعت میں پچھلے سال ہم نے بیج مفت دیا تھا اور اس سال ہم جو چھوٹے غریب کاشتکار ہیں، ان کیلئے کھاد ہم سبسڈی 500 روپے فی بیگ سبسڈی غریب جو چھوٹے زمیندار ہیں، ان کیلئے 500 روپے فی بوری ہم اس کو رعایت دیں گے ان شاءاللہ۔ (تالیاں) اس طرح اور بہت ساری چیزیں ہیں لیکن اس میں نہیں جاتا۔ آخر میں میں خیبر بینک کی بات کرتا ہوں جو بہت Important ہے، جو ہمارے وزیر کو مفت میں بدنام کیا گیا، ہم نے اسلئے اپنی کمیٹی بنائی کہ ہمیں تو پہلے پتہ چلے نا کہ ہوا کیا ہے؟ اگر اس کو ہم کورٹ لے جاتے، سالوں سال لگیں گے، ہمیں کوئی پتہ نہیں چلے گا کہ کیا ہوا کیا نہیں ہوا؟ ہم نے کمیٹی میں اپنے سینیئر منسٹر کو بٹھایا، انہوں نے جو رپورٹ دی ہے، پھر کیبنٹ میں وہ رپورٹ پیش ہوئی، ادھر صاف ستھرا لکھا ہے کہ اس میں تو کرپشن کا نام و نشان ہی نہیں ہے، کوئی Allegation ہی نہیں ہے کہ اس میں کرپشن ہے، کوئی کسی نے اس سے Loan نہیں لیا، کسی کیلئے Loan approve نہیں کرایا، معمولی کلاس فور کیلئے دو Recommendations ہیں، پریس کے کسی کے پیسے دینے تھے، پریس کے ہمارے بھائیوں کو لسٹ میں سے، وہ پریس کیلئے ایک Recommendation letter کہ اس کے پیسے ریلیز کردو، اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں، ایک لفظ بھی نہیں۔ ہم نے کیبنٹ میں فیصلہ کیا کہ ہم اس کو نوٹس دے رہے ہیں، نوٹس دے کر اس سے جواب، چونکہ اس نے ایگریمنٹ کی خلاف ورزی کی ہے، ایگریمنٹ میں اس نے لکھا ہے، یہ تو اچھا ہے کہ میں نے اس کو

Dismiss نہیں کیا، اس نے ایگریمنٹ میں لکھا ہے کہ اگر مجھے بینک کا کوئی خفیہ راز، کوئی بات معلوم ہو تو میں کبھی بھی اس کو افشاء نہیں کروں گا اور گورنمنٹ کو بتاؤں گا جا کے، تو اس کو ہم نے نوٹس دیا ہے، تو میں آپ سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میں Unofficially، سکندر خان! یہ کاپی سب کو ایک دے دیں کہ وہ دیکھ لیں، پھر آپ کی Suggestions مانگوں گا۔ اگر آپ آتے ہیں، اس میں کمیٹی اور بناتے ہیں، آپ بیٹھتے ہیں، انکوائری کرتے ہیں، ہمیں بڑی خوشی ہوگی، چونکہ سب کچھ صاف ہو جائے گا، آپ بے شک اس میں آجائیں، سکندر خان آپ کو کاپی دے دے گا، باقیوں کو بھی، سٹڈی کرلیں کہ ہم نے اس میں اگر Cheating کی ہے، اس میں اگر انہوں نے غلط بیانی کی ہے، آپ ہمیں پکڑ سکتے ہیں، اگر اس میں کرپشن کا کہیں عنصر ہوا، کرپشن کا ایک ہی Sentence بھی کہیں ہوا تو اس میں۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب وزیر اعلیٰ: بس آخر، آخر میں میں آپ سب کا، ممبران صاحبان کا، سٹاف کا، پریس کا میڈیا کا، سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اسمبلی کے سٹاف کیلئے دو ماہ کا 'آنریریا' کا اعلان کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ، بہت شکریہ جی اور میں کل کیلئے اسمبلی کو Adjourn کرتا ہوں Till 02:00 pm of tomorrow afternoon.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 23 جون 2016ء دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)